

روزنامہ دہلی

# سہارا ایکسپریس

SAHARA EXPRESS,DELHI

Urdu Daily Published From Delhi,Patna&Ranchi

TITLE APPLY Vol:01 Issue:167 24.06.2025 TUESDAY Re.02 Page:08

جلد نمبر:01 شمارہ:۱۶۷/منگل/۲۲/جون ۲۰۲۵/مطابق/۲۷/ذی الحجہ/۱۴۴۶ھ/ صفحات:08


## وزیر اعظم سری نارائن گرو اور مہاتما گاندھی کے درمیان ہوئی بات چیت کی صد سالہ تقریبات کا 24 جون کو افتتاح کریں گے



نئی دہلی، 23 جون (یو این آئی) وزیر اعظم نریندر مودی 24 جون 2025 کو نئی دہلی کے وگیان بھون میں تقریباً 11 بجے ہندوستان کے دو عظیم روحانی اور اخلاقی رہنما سری نارائن گرو اور مہاتما گاندھی کے درمیان تاریخی گفتگو کی صد سالہ تقریب کا افتتاح کریں گے۔ اس موقع پر وہ اجتماع سے خطاب بھی کریں گے۔ یہ تاریخی بات چیت 12 مارچ 1925 کو مہاتما گاندھی کے دورے کے دوران شیوا گیری مٹھ میں ہوئی تھی اور یہ وائکوم ستیہ گرہ، تبدیلی مذہب، عدم تشدد، چھوت چھات کا خاتمہ، راونجات کا حصول اور پسماندہ طبقے کی بااختیاری پر مرکوز تھی۔ سری نارائن دھرم سنگھوم ٹرسٹ کے زیر اہتمام، یہ تقریب روحانی رہنماؤں اور دیگر اراکین کو یکجا کرے گی تاکہ وہ ہندوستان کے سماجی اور اخلاقی تانے بانے کی تشکیل جاری رکھتے ہوئے بصیرت انگیز مکالے کو آگے بڑھائیں اور اسے یاد کریں۔ یہ سماجی انصاف، اتحاد، اور روحانی ہم آہنگی کے مشترکہ وژن کے لیے ایک زبردست خراج تحسین کا اظہار ہے جس کی حمایت سری نارائن گرو اور مہاتما گاندھی دونوں نے کی۔

## کون کون سے اہم امریکی فوجی اڈے ایران کے نشانے پر ہو سکتے ہیں؟

واشنگٹن، 23 جون (یو این آئی) امریکہ کے ایران پر حملے کے بعد خطے میں کشیدگی عروج پر ہے مشرق وسطی میں کئی اہم امریکی فوجی اڈے موجود ہیں۔ امریکہ نے ہفتہ اور اتوار کی درمیانی شب ایران کی تین ایٹمی تنصیبات پر حملے کیے اور امریکی وزیر دفاع نے ایران کی ایٹمی صلاحیت ختم کرنے کرنے کا دعویٰ کیا۔ دوسری جانب ان حملوں کے بعد ایران کے سپریم کمانڈر سمیت حکومتی عہدیداروں کی جانب سے امریکہ کو اس کا سخت جواب دینے کی دھمکیاں بھی دی جارہی ہیں۔ بین الاقوامی قوانین کے مطابق کسی بھی ملک کی ایٹمی تنصیبات پر حملہ جنگی جرم ہے اور اس قانون کے تحت امریکا کا گزشتہ روز کا حملہ بین الاقوامی قوانین کے مطابق جنگی جرم ہے اور ایران اس پر جوابی کارروائی کا قانونی حق رکھتا ہے۔ ایک امریکی اخبار نے دعویٰ بھی کیا ہے کہ ایرانی ملیشیا کی جانب سے امریکی اڈوں پر حملے کرنے کے اشارے ملے ہیں۔ مشرق وسطی ہمیشہ سے امریکی دلچسپی کا مرکز رہا ہے اور یہاں متعدد ممالک میں اس کے فوجی اڈے موجود ہیں جو کئی دہائیوں سے قائم ہیں۔ اس وقت ایران کی رینج میں امریکہ کے کون کون سے فوجی اڈے ہیں۔ اس رپورٹ میں اس بارے میں بتایا گیا ہے۔ ایرانی میڈیا کے مطابق اس وقت مشرق وسطی میں 19 سے زائد امریکی فوجی اڈے ہیں، جن میں سے 8 اڈے مستقل ہیں۔ یہ مستقل اڈے بحرین، مصر، عراق، اردن، کویت، قطر، سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات میں واقع ہیں۔ امریکی حکومت کے اعلان کے مطابق 2025 کے وسط تک 40 سے 50 ہزار امریکی فوجی خطے کے بڑے مستقل اڈوں اور دیگر فوجی مراکز میں تعینات ہیں۔

رپورٹ کے مطابق سب سے زیادہ امریکی فوجی بحرین، کویت، قطر، متحدہ عرب امارات اور سعودی عرب میں موجود ہیں۔ یہ فوجی اڈے فضائی اور بحری آپریشنز، لاجسٹک خدمات، انٹیلیجنس جمع کرنے اور فوجی کمانڈ و کنٹرول کے لیے استعمال ہوتے ہیں۔

دفاعی نقطہ نظر سے مشرق وسطی میں امریکا کے اہم فوجی اڈے 5 ہیں۔

**قطر کا فضائی اڈہ:**

یہ مشرق وسطی میں امریکا کا سب سے بڑا فوجی اڈہ ہے، جو 1996 میں 24 ہیکٹر رقبے پر قائم کیا گیا۔ یہاں تقریباً 100 جنگی طیارے اور ڈرونز رکھنے کی گنجائش ہے، اور 10 ہزار سے زائد امریکی فوجی تعینات ہیں۔ یہ اڈہ سینٹکام یعنی امریکی مرکزی کمانڈ کا ہیڈ کوارٹر بھی ہے۔

**بحرین میں واقع بحری اڈہ:**

بحریہ کے حوالے سے یہ امریکہ کا اہم بحری اڈہ ہے جہاں لگ بھگ 9 ہزار امریکی فوجی تعینات ہیں۔ یہ اڈہ اس لیے بھی اہمیت رکھتا ہے کہ یہ امریکی بحریہ کے پانچویں بیڑے کا مرکز ہے، جو خطے میں امریکی بحری جہازوں اور سمندری راستوں کی حفاظت کا ذمہ دار ہے۔

**کویت میں واقع عریفجان ایئر بیس:**

یہ ایئر بیس کویت شہر سے 55 کلومیٹر جنوب مشرق میں واقع ہے اور 1999 میں قائم کی گئی تھی۔ یہ امریکی فوج کی لاجسٹک اور کمانڈ سرگرمیوں کا مرکز ہے۔

**یو اے ای میں الظفرہ ایئر بیس:**

یہ امریکہ کا ایک اسٹریٹجک فضائی اڈا ہے، جس کا بنیادی مقصد جاسوسی معلومات اکٹھی کرنا اور اس کے ساتھ ہی فضائی حملوں کی معاونت فراہم کرنا ہے۔ اس ایئر بیس پر ایف 22 جنگی طیارے، ڈرونز، ایئر وارننگ سسٹمز اور اواکس طیارے تعینات ہیں۔

**عراق میں اربیل فضائی اڈہ:**

یہ اڈہ شمالی عراق اور شام میں امریکی فوجی کارروائیوں کے لیے استعمال ہوتا ہے، اس کے علاوہ یہ تربیتی مشن، انٹیلی جنس شیئرنگ اور لاجسٹک تعاون کا مرکز بھی ہے۔

دوسری جانب اسرائیل کے ایران پر حملے کے بعد امریکہ جو پہلے ہی مشرق وسطی میں اپنی فوجی سرگرمیاں بڑھا چکا ہے۔ امریکی وزارت دفاع نے 16 جون کو اعلان کیا تھا کہ امریکہ کا قدیم ترین طیارہ بردار بحری جہاز ”یو ایس ایس نیمٹز“ جنوبی بحیرہ چین سے مشرق وسطی کی جانب بڑھ رہا ہے۔

امریکہ نے آئندہ ہفتے طیارہ بردار بحری جہاز ”یو ایس ایس فورڈ“ کو یورپ میں تعینات کرنے کا بھی اعلان کیا ہے، جو بحر روم کے مشرقی حصے اور مقبوضہ فلسطینی علاقوں کے قریب گشت کرے گا۔

امریکی حکام کے مطابق، اسرائیل کے قریب موجود تین امریکی جنگی بحری جہازوں کے علاوہ ایک اور تباہ کن جنگی جہاز خطے میں تعینات کر دیا گیا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ دو دیگر جنگی جہاز بھی بحیرہ احمر میں موجود ہیں۔ یہ تمام جنگی جہاز اسرائیل کے قریب تعینات کیے گئے ہیں تاکہ ایرانی میزائلوں کو روکا جا سکے۔










# ''ادیبہ انعم'' ایوت محل کی پہلی مسلم خاتون نے تاریخ میں اپنا نام رقم کرلیا !

## ''ادیبہ انعم'' مسابقتی امتحانات 'انڈین ایڈمنسٹریو سروس (IAS) کے لئے منتخب ہونے والی ریاست مہاراشٹر، ضلع 'ایوت محل' کی پہلی مسلم خاتون نے تاریخ میں اپنا نام رقم کرلیا

ڈاکٹر جی۔ایم۔پٹیل پونہ
رابطہ:9822031031

اگر جہاں میں مرا جوہر آشکار ہوا
قلندری سے ہوا ہے، تونگری سے نہیں



زرعی بحران کے شکار، کسانوں کے خودکشی کی بڑی تعداد سے متاثر خطہ 'ودربھ' کے ایوت محل' ضلع میں صدیوں بعد آج جشن منانے کی وجہ اسی قحط زدہ ضلع کی پہلی خاتون' آئی اے ایس'' افسر' ادیبہ انعم' کو جنم دیا۔گرچہ ادیبہ انعم کے والد جناب' اشفاق احمد شیخ کو تعلیم حاصل کرنے کو ان کے مالی حالات نے ساتھ نہیں دیا پھر بھی جماعت دہم کے بعد تعلیم ترک کردی اور کرایہ کی رکشہ ڈرائیور کا پیشہ اختیار کئے کسی طرح اپنی اولاد کی پرورش اور انکی تعلیم کی طرف سنجیدہ اور اپنی دلچسپی کو برقرار رکھا اور انکی ذہین دختر ادیبہ انعم نے آج اپنے والدین کو ایک عظیم ترین کامیابی کی سوغات بخشی۔نہ صرف ایوت محل بلکہ سارے مہاراشٹر کی پہلی مسلم خاتون 'IAS' افسر بن گئیں۔ ادیبہ انعم کے دو چھوٹے بھائی اپنی بہن کے نقش قدم پر چل رہے ہیں اور ۱۲،ویں جماعت میں ۹۸ فیصد نمبرات حاصل کئے اپنی مستقبل کی تعمیر میں مصروف ہیں۔ان کے ماموں جان جو کہ'' سیوا 'این جی او' کے سکریٹری کے طور پر اپنا کام انجام دے رہے ہیں انہوں انے بھی ادیبہ کی ہمیشہ حوصلہ افزائی کرتے رہے۔

یونین پبلک سروس کمیشن (UPSC) نے ۲۲،اپریل ۲۰۲۴ کو سول سروسز امتحان کے نتائج کا اعلان کیا جس میں کل ۱۰۰۹ امیدواروں نے ہندوستان کے سب اہم ،اعلیٰ مسابقتی امتحانات میں کامیابی حاصل کی۔ان میں ''ادیبہ انعم'' نے انڈین ایڈمنسٹریو سروس (IAS) کے لئے منتخب ہونے والی ریاست مہاراشٹر ،ضلع ایوت محل کی پہلی مسلم خاتون ہیں۔مشرقی مہاراشٹر کے قحط زدہ شہر'ایوت محل' کے کالام چوک سے تعلق رکھنے والی ادیبہ انعم کل ہند میں ۱۴۲ واں رینک حاصل کیا۔آپ کی کامیابی کو ریاست میں خواتین اور اقلیتوں کے لئے ایک پیش رفت کے طور پر سراہا گیا۔آپ کے ضلع ایوت محل کی پہلی مسلم خاتون بن کر تاریخ میں اپنا نام رقم کرلیا۔

شائستہ معمولی حالات میں پرورش پانے والی ادیبہ انعم نے اپنی ابتدائی پرائمری اسکولی تعلیم اردو میڈیم میں مقامی 'ضلع پریشد اسکول' سے مکمل کی ،محدود وسائل کے باوجود آپ نے تعلیمی لیحاظ سے مستقل طور پر اپنی بہترین کارگردگی کا مظاہرہ کیا۔

مہاراشٹر بورڈ ودربھ میں زیر تعلیم ادیبہ نے ۹۴ فیصد اور سائنس اسٹریم کے ساتھ ۱۲ ویں جماعت میں ۹۲ فیصد کے نمبرات حاصل کرلا پنے روشن مستقبل کی مضبوط بنیاد رکھی۔بھارت کے مشہور ٹی ۔وی چینل کی ایک ملاقات میں'ادیبہ انعم نے'یو پی ایس سی' کے لئے اپنی جدو جہد اور زندگی کے ایک اہم ترین سفر کا ذکر یوں واضح کیا۔آپ نے اپنی پہلی ابتدائی مرحلے کو بڑی دلیرانہ انداز میں اپنی ناکامی کا ذکر کیا، بعدازاں اپنی دوسری کوشش میں ''میز' تک کی ترقی کی اور تمام قومی انتظامی افسران کے روبرو اپنی قابلیت کی شناخت ثبت کردیں اور پھر آخر کار اپنی چوتھی کوشش میں اپنا لوہا منوالیا اور موجود تمام مہمانان، انتظامی افسران کو اپنی قابو رکھے اور خود ہوش سنبھالتی رہوئیں ان سے نہ صرف داد وتحسین حاصل کی بلکہ اپنے خواب کی تعبیر بھی کرلیں اور سارے بھارت میں ۱۴۲ ویں رینک کی چوٹی کو چھولیا اور اور خصوصی طور ریاست مہاراشٹ، ضلع ایوت محل کی افق سے وہ اول ترین ستارہ کی صورت روشن ہوئیں اور سارے بھارت کے اخباروں کی سرخیاں بن گئیں اور بھارت نے کئی مشہور ٹی وی چینل سے اپنی ملاقات میں اپنی قابلیت اور اپنی فتح کے پرچم لہرائے۔اور اپنے والدین، ایوت محل کے تمام شہریوں نے ادیبہ انعم کی اس عظیم وشان کامیابی کا جشن منایا اور شہر میں الگ الگ تنظیموں، تعلیمی اداروں، اکادمیوں اور کئی سرکاری دفاتر میں شاندار تقریب منعقد کئے گئے اور آپ کو داد وتحسین سے نوازہ گیا۔

ادیبہ انعم کی اس نایاب کامیابی پر مہاراشٹر کے سابق وزیر اور کانگریس کے ایوت محل کے لیڈر' مانیک راؤ ٹھاکرے' نے نیک خواہشات کا اظہار' سوشل میڈیا فارم X میں لکھا'' آج یونین پبلک سروس کمیشن (UPSC 24 کے حتمی نتیجے کا اعلا کر دیا گیا جس میں مہاراشٹر کی ضلع ایوت محل سے تعلق رکھنے والی''ادیبہ انعم، اشفاق احمد شیخ کی دختر نے سارے ملک میں سول سروسز میں ۱۴۲ واں اینک حاصل کی اور اپنے دوسرے امتحان میں فائنل ٹریک کی فہرست میں اپنی جگہ محفوظ کرلی۔یہ بڑی فخر کی بات ہے۔

صدیوں سے پدرانہ نسب، علم الانساب کی رو سے ایک ایسا نظم ہے جہاں نسب کا دارومدار مردانہ پشتوں کی طرف سے ہمیشہ ایک طرفہ رہا ہے جو خاتون کے روشن مستقبل خصوصی طور سے اعلیٰ تعلیم کی مخالفت کرتی چلی آئی ہے۔ادیبہ انعم اس پدرانہ نظام کی سخت روایات سے بخوبی واقف تھیں اور خصوصی طور سے اپنی برادری کی تنگ نظری، تعنہ بانا، طنز اور تلخیاں اور ان سخت ترین معاشرے کی پابندیوں کا سامنا کیا جس میں آپکے والدین کی حوصلہ افزائی انمول تھی۔



''ادیبہ انعم' آئی۔اے۔ایس افسر








ذہین ادیبہ انعم نے بڑی دلیرانا انداز میں سارے زمانے سے کہا '' بے شک میرے والدین کی غریبی' سماجی ٹھیکیداروں کے لئے ایک بڑا مسئلہ ان کے ہاتھ لگا تھا۔وہ چاہتے تھے کی کسی طرح میں اپنے خواب کے تعبیر کے پیچھے دوڑنے کے بجائے اپنے والدین کی مالی امداد کا حصہ بن جاؤں، اس نیک جذبہ کی قدر میں نے ضرور کی اور خاموشی سے ان کا سامنا کرتی رہی۔ان آزمائشوں سے گزرتی ہوئی ایک مصمم ارادہ، منزل مقصود کو حاصل کرنے کا عین مقصد کو قوی رکھا اپنی قوت ارادی میں ایک نیا جوش خروش، ولولہ جاگا اور میرے سامنے ایک نئی صبح کی روشن کرنیں ،ایک رہبر و رہنما کی صورت میری راہوں کو روشن کیا اور وہ تمام سماجی رکاوٹیں ماند پڑگئیں۔یہی مثبت ذہنی قوت ارادی ،قوی عزم میری فتح کا راز ہے''۔

بے شک ادیبہ انعم کے والدین نے بھی اس پدرانہ نظام کا مقابلہ ایک مضبوط چٹان کی صورت اپنے سینوں اور کندھوں پہ اٹھالیا اور اپنی دختر کو اس سے محفوظ رکھا اور ادیبہ کو ترقی کی راہ پر گامزن رکھا۔اور آپ نے یہ سنگ میل سول سرویسز کے ۲۰۲۴ کے امتحان میں سارے بھارت میں ''۱۴۲'' کو عبور کیا جو بھارت میں سب سے زیادہ مشکل ترین اور چیلینگ مسابقتی امتحان ہے۔اس طرح ایک شائستہ، کسم پرسی حالات میں آپ والدین نے ان مالی مشکلات وحالات کا سخت مقابلہ کیا اور بچوں کی اعلیٰ تعلیم پر یقین رکھا اور آج انکی دختر ادیبہ انعم کی کامیابی ان کے غیر متزلزل عزم کا جیتا جاگتا ثبوت ہے۔

ادیبہ انعم نے اپنی ابتدائی پرائمری تعلیم ظفر نگر ضلع پریشد اردو پرائمری اسکول سے شروع کی جہاں جماعت اول تا ہفتم تعلیم جاری رکھی ،ابتدائی تعلیم میں اپنی تعلیم کے درجہ کو بہترین سے بہترین رکھنے کی کوشش کی اور اسی مناسبت میں کامیاب بھی ہوتی ہوگئیں ،بعد ہفتم، نہم سے دہم کے لئے ضلع پریشد کے سابق سرکاری ہائی اسکول میں داخل ہوئیں۔اعلیٰ ثانوی تعلیم ضلع پریشد کے سابق سرکاری کالج ایوت محل میں ہوئی۔بعدازاں شہر پونہ کے مشہور'' انعامدار خاتون سنٹر کالج میں

ریاضی میں بیچلر آف سائنس کی تعلیم حاصل کی ،گریجویشن کے بعد وہیں اعظم کیمپس پونہ میں مقیم رہیں اور ''یو۔پی۔ایس۔سی'' کی اعلیٰ ترین سول سرویسز کی جدوجہد کا آغاز کیا۔مضبوط تعلیمی پس منظر اپنی انتھک کوششوں میں ابتدائی دو امتحانات میں رکاوٹوں کے خلاف بھی لڑنا پڑا اپنی دو کوششوں میں ناکامیوں کا سامنا کرنا پڑا۔پہلے امتحان میں ''انٹرویو'' کے مرحلے تک پہنچیں لیکن حتمی فہرست میں نہیں آئیں۔خود کے حوصلہ بلند رکھے اور آپ کی غیر متزلزل عام ،محنت اور کاوشوں کو انتہائی مستعدی کے ساتھ مشق کرتی رہیں۔اور بالآخر آپکی ثابت قدمی ۲۰۲۴ میں بارآور، نتیجہ خیز ثابت ہوئی اور انہیں مرحلوں میں نتیجاً آپ کو ''منتخب امیدواروں' حتمی فہرست میں شامل میں ہوئیں۔آپ کی کامیابی کو خصوصی تربیتی اداروں کے تعاون سے بھی تشکیل دی گئی۔آپ 'حج ہاوس 'آئی اے ایس ٹریننگ انسی ٹیوٹ' اور ' جامعہ رہائیشی نیشل کوچنگ '' اکادمی کی طالب علم رہیں جہاں آپ اپنی مسابقتی امتحا ن کے قابل کوششوں میں تپ کر سونے کے تمغہ کی مانند اپنی زندگی کو روشن رکھنے کی کوشش جاری رکھیں

-

ادیبہ انعم علامہ ڈاکٹر اقبال کی شاعری کی پرستار ہیں ،علامہ اقبال کی چندہ اشعار سے بے حد متاثر تھیں اور ذیل کے کچھ اشعار آپکی زندگی کی مشعل راہ آپ کے عزم کو تقویت بخشی ہیں۔آپ نے خود واضح کیا ہے کہ ''ذیل کی ان آیت نے مجھے عمل و بلند حوصلہ کی طاقت بخشی ہے۔یہ طاقتور آیت خود کو با اختیار بنانے پہ زور دیتی ہے اور لوگوں کو اپنے کردار اور قوت ارادی کو مضبوط کرنے کی تلقین کرتی ہے کہ قسمت بھی ان کے عزم کے آگے جھک جائے۔

خودی کو کر بلند اتنا کہ ہر تقدیر سے پہلے
خدا بندے سے خود پوچھے بتا تیری رضا کیا ہے
عمل سے زندگی بنتی ہے جنت بھی جہنم بھی
یہ خاکی اپنی فطرت میں نہ نوری ہے نہ ناری ہے۔

یہ سطریں مجھے عمل کی طاقت کی یاددہانی کراتی ہیں۔اگر آپ خاموش بیٹھیں گے تو کچھ نہیں بدلے گا۔لیکن اگر آپ عمل کریں گے، اگر اپنے حالات کو بدلنے کی کوشش کریں گے تو کچھ نہ کچھ ضرور ہوگا۔

ایک چھوٹے سے قحط زدہ خطہ کی خاتون باشندہ جو شہر کے ایک سرکاری اردو میڈیم کی طالبہ'' ادیبہ انعم'' کا' آئی۔اے۔ایس' افسر تک سفر لچک ،عزائم اور تعلیم کی تبدیلی کی صلاحیت کی شاندار، و قوی ،کامیابی ،اسکی فتح کی عظیم کہانی کے طور پر معاشرے کے روبرو، شہر کے رہنما، شہر کے دانشور و اعلیٰ سرکاری محکمہ افسران کے لئے ایک شاہکار کی صورت روشن ہے ! آپ کی یہ عظیم کامیابی آپ کے تمام متعلقین، پسماندہ اور اقلیتی برادریوں، متعدد مسلم طلبا و طالبات اور تعلیم یافتہ خواتین جن کے بچے زیر تعلیم ہیں ان تمام کے لئے ''مشعل راہ'' ثابت ہوں گی۔

علاوہ ازاین 'IAS' میں انعم کی تقرری جسے اکثر ہندوستان کا ''اسٹیل فریم'' کہا جاتا ہے، ایک نئے باب کی نشان دہی کرتا ہے۔ادیبہ انعم اپنے دل کے قریبی شعبوں میں خدمات انجام دینے کی امید رکھتی ہیں۔تعلیم ،صحت اور خواتین کو با اختیار بنانا آپ کی نیک خوہشات میں ہے۔آپ اس بات کو یقینی بنانا چاہتی ہیں کہ کوئی بھی دختر اپنے خوابوں کو اس وجہ سے ترک نہ کرے وہ کہاں پیدا ہوئیں یا اس کے خاندان کا پیشہ، انکی آمدنی کتنی کم ہے۔

مہاراشٹر کی دیگر مسلم خواتین نے سول سروسز کے صفحوں میں اضافہ کیا ہے، حالانکہ آئی۔اے۔ایس' سے باہر ہیں۔''سارہ رضوی'' ۲۰۰۸ کی انڈین پولیس سروسز افسر ہیں اور اب گجرات میں خدمات انجام دے رہی ہیں۔سارہ رضوی کو گجرات کے ضلع جامنگر میں چھ ماہ کے لئے پروبیشنری' آئی پی ایس' کے طور تعیناتی ملی پھر انکا تبادلہ اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ آف پولیس' اے ایس پی' گوندل راجکوٹ 'میں کردیا گیا۔

ناندیڑ کے پولیس ڈرائیور ظہیر احمد سید کی بیٹی' اسماء سیدہ'' نے ۲۰۱۹ میں''MPSC'' مہاراشٹر سروس پبلک سروس کمیشن کا امتحان میں کامیاب ہوئیں اور اسسٹنٹ کمشنر آف سیلز ٹیکس، گروپ A کے عہدہ کے لئے ۱۰واں رینک حاصل کیا۔اسکے بعد آپ جون ۲۰۲۰ میں اسسٹنٹ کمشنر آف اسٹیٹ سیلز ٹیکس طور پر تعینات ہوئیں۔

وسیمہ شیخ مہاراشٹر کے مراٹھواڑہ علاقے کے ناندیڑ ضلع ہیڈ کوارٹر سے تقریباً ۴۵ کلومیٹر گاؤں'جوشی سنگوی' میں پیدا ہوئیں۔وسیمہ شیخ نے ساتویں جماعت تک مقامی ضلع پریشد اسکول میں تعلیم حاصل کی اور بعد میں' بال برہچاری ہائی اسکول میٹرک مکمل کیا۔آپ نے سول سروسز کے امتحان کی تیاری کے دوران 'یشونت راؤ چوہان' اوپن لونیورسٹی سے گریجویشن کیا۔سول سروسز کی اپنی دوسری کوشش میں مہاراشٹر پبلک سروس کمیشن (MPSC) امتحان میں خواتین امیدواروں میں تیسرے نمبر کے ساتھ کامیابی حاصلہوئیں اور ایک' ڈپٹی کلکٹر' کی حیثیت سے تربیت حاصل کی۔آپ ۲۰۱۸ میں ناگپور میں سیلز ٹیکس انسپکٹر' کا عہدہ حاصل کیا۔اسکے بعد جون ۲۰۲۰ میں اسسٹنٹ سیلز ٹیکس کمشنر کے طور پر طعینات ہوئیں۔خصوصی طور اس بات کو ذکر کرنا بھی از حد ضروری ہے کہ آپ کے والد کو فالج نے ذہنی اور جسمانی طور سے مفلوج کردیا لیکن آپ کی والدہ نے گھومتیں کرتی تھیں اور چوڑیاں فروخت کرتی رہیں اور بڑی پریشانیوں اور مشکلات سے گھر خرچ نکالتی تھیں لیکن ان تمام ناسازگار حالات نے وسیمہ کے حوصلے پست نہیں کئے۔

مضمون کا اختتام سرکاری بہ اختیار ناظم' ایک اعلیٰ عہدہ انظامیہ افسر کے ان خیالات پہ ہوا جاتا ہے جہاں سے آپ نے اپنی فتح یاب سفر کا آغاز ڈاکٹر علامہ اقبال کے خیالات کے زیر سرپرستی میں کیا ۔مضمون کی طوالت کا لیحاظ کرتے ہوئے علامہ اقبال کی مشہور زمانہ نظم ''جواب شکوہ'' کے چند اشعار جو مضمون کے موضوع کی مناسبت سے منتخب کئے ہیں پیش ہیں۔

ہم تو مائل بہ کرم ہیں کوئی سائل ہی نہیں
راہ دکھلائیں کسے رہرو منزل ہی نہیں
تربیت عام تو ہے جوہر قابل ہی نہیں
جس سے تعمیر ہو آدم کی یہ وہ گل ہی نہیں
کوئی قابل ہو تو ہم شان کئی دیتے ہیں
ڈھونڈنے والوں کو دنیا بھی نئی دیتے ہیں

